ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ
Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

گلستان جوہر میں دہشت گردوں نے فجر کی نماز پڑھ کر نکلنے والے سنی علما کونسل کے رہنما صوفی عبدالقیوم کو گولیوں سے بھون ڈالا

3 سیکنڈ میں عالم دین قتل

دہشت گرد موٹر سائیکل پر سوار تھے 50 سالہ مولانا عبدالقیوم صوفی نقشبندی کو سر میں گولی لگی جو جان لیوا ثابت ہوئی، کرائم سین یونٹ نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لئے
تحقیقاتی حکام نے گلستان جوہر اور سچل کے علاقے میں دہشت گردوں کے سلیپر سیل کی تلاش شروع کر دی، واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آ گئی

کراچی (کرائم رپورٹر/ طاہر عباسی)

گلستان جوہر میں تین سیکنڈ میں سپاری کلنگ کی واردات، معروف عالم دین صوفی عبدالقیوم نقشبندی سر میں گولی لگنے سے شہید، واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی، قتل کی واردات صبح سویرے رپورٹ ہوئی مقتول مولانا پاکستان علماء ایسوسی ایشن کے رکن اور سنی علماء کونسل کے مرکزی رہنما تھے قتل کی واردات میں ایک حملہ آور اور دوسرا موٹر سائیکل سوار ملزم شامل پولیس کو قتل کی واردات میں استعمال ہونے والے ہتھیار کا خول مل گیا، ٹارگٹ کلنگ کے واردات کی تحقیقات شروع کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں صبح سویرے سپاری کلنگ کی واردات معروف عالم دین اور نورانی اسلامی سینٹر کے مہتمم مولانا صوفی عبدالقیوم نقشبندی قاتلانہ حملے میں شہید ہو گئے مقتول کو سر میں ایک گولی ماری گئی قتل کی واردات کا دورانیہ تین سیکنڈ تھا۔ گلستان جوہر کے علاقے میں گھات لگائے نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے پاکستان علما ایسوسی ایشن کے رکن اور سنی علما کونسل کے مرکزی رہنما کو قتل کر دیا۔ منگل کی علی الصبح گلستان جوہر تھانے کے علاقے بلاک 9 مکسی چوک گلی نمبر 3 میں موٹر سائیکل سوار نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے 50 سالہ مولانا عبدالقیوم صوفی نقشبندی کو قتل کر دیا، واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس، رینجرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و جوان موقع پر پہنچے جبکہ شواہد اکٹھا کرنے کے لیے کرائم سین یونٹ کو طلب کیا گیا اور مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے جناح اسپتال پہنچائی گئی۔ پولیس کے مطابق مولانا عبدالقیوم صوفی نماز فجر کی ادائیگی کے بعد مسجد سے اپنے گھر کی جانب پیدل جا رہے تھے کہ گھر کے قریب ہی گھات لگائے موٹر سائیکل پر سوار 2 نامعلوم مسلح ملزمان نے انہیں فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ مقتول مولانا عبدالقیوم کو ایک گولی سر پر لگی جو جان لیوا ثابت ہوئی۔ مقتول 4 بچوں کے باپ تھے۔ واقعے کے فوری بعد پاکستان علما ایسوسی ایشن اور سنی علما کونسل کے مرکزی رہنما، عہدیداران، مدرسے کے طلبہ اور علاقہ مکین بڑی تعداد میں موقع پر پہنچ گئے، جہاں انہوں نے احتجاج کیا۔ بعد ازاں قتل کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی، جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مسلح ملزمان مولانا عبدالقیوم صوفی کو قتل کر کے فرار ہو رہے ہیں۔ مسلح افراد نے انتہائی قریب سے فائرنگ کر کے قتل کیا۔ ایک ملزم موٹر سائیکل سے اتر کر مولانا عبدالقیوم کے قریب آیا اور فائرنگ کی جبکہ دوسرا موٹر سائیکل پر بیٹھا رہا۔ مسلح ملزم نے مولانا عبدالقیوم صوفی کے سر پر ایک گولی ماری اور فرار ہو گئے۔ SSP شرقی زبیر نذیر شیخ کے مطابق مولانا صوفی عبدالقیوم کی ٹارگٹ کلنگ کی تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا۔ تفتیش کاروں کو کئی گھنٹے تلاش کے بعد قتل کی واردات میں استعمال ہونے والے اسلحے کی گولی کا خول مل گیا۔ تحقیقاتی حکام نے گلستان جوہر اور سچل کے علاقے میں دہشت گردوں کے سلیپر سیلز کی تلاش شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق پولیس سمیت تین مختلف ادارے قتل کی تحقیقات کر رہے ہیں، مولانا عبدالقیوم پر حملے سے پہلے ریکی کے شواہد بھی ملے ہیں۔ تحقیقاتی حکام کے مطابق چند روز قبل قتل کیے گئے ماہر تعلیم سید خالد رضا اور مولانا عبدالقیوم پر حملے میں مماثلت ہے۔ حکام کے مطابق دونوں واقعات میں حملہ آوروں نے ہدف کو سر پر ایک ہی گولی ماری۔ تحقیقاتی حکام کے مطابق دہشت گردی کی دونوں وارداتوں میں ایک موٹر سائیکل پر دو ملزم شامل رہے، دونوں وارداتوں کے ملزموں کے حلیوں میں بھی مماثلت ہے۔ بہیمانہ قتل کے بعد شہر بھر سے علمائے کرام اور دیگر مذہبی رہنماؤں کی بڑی تعداد اسپتال اور مقتول کی رہائش گاہ کے باہر جمع ہو گئی مفتی منیب الرحمٰن، اہلسنت اور دیگر جماعتوں کے رہنماؤں اور عہدیداران بھی صوفی عبدالقیوم کے گھر پہنچے۔ مولانا عالم دین صوفی عبدالقیوم نقشبندی کی نماز جنازہ جائے وقوعہ کے قریب ہی ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں عقیدتمندوں، مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنان سمیت مفتیان کرام، عالم دین اور دیگر شہر کی معزز شخصیات سمیت پاکستان سنی تحریک کے سربراہ ثروت اعجاز قادری نے بھی شرکت کی۔ مقتول کی نماز جنازہ مفتی منیب الرحمن نے پڑھائی۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

زمان پارک آپریشن رانا ثناء مریم نواز کیخلاف مقدمے کی درخواست

FIR مطالبہ

تھانہ ریس کورس نے مقدمہ درج کرنے سے صاف انکار کر دیا

درخواست گزار نے C122 کے تحت مقدمے کی درخواست دائر کر دی

زمان پارک آپریشن رانا ثناء اور مریم نواز کے حکم پر کیا گیا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کی جانب سے زمان پارک پولیس آپریشن کے تناظر میں مریم نواز، رانا ثنا و دیگر کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست دائر کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے لاہور میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی رہائش گاہ زمان پارک میں پولیس کی جانب سے کیے گئے آپریشن پر مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز، وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ، آئی جی پنجاب، سی سی پی او سمیت دیگر کے خلاف تھانہ ریس کورس میں مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کی ہے۔ دوسری جانب تھانہ ریس کورس پولیس نے مقدمہ درج کرنے سے انکار کر دیا ہے، جس پر درخواست گزار نے سیشن عدالت میں 22 اے اور 22 بی کی درخواست دائر کر دی، جس میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ آئی جی پنجاب نے زمان پارک آپریشن مریم نواز اور رانا ثنا اللہ کے حکم پر کیا۔ زمان پارک آپریشن کر کے چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ پولیس کو واقعے پر مقدمہ درج کرنے کی درخواست دی لیکن مقدمہ درج نہیں کیا گیا۔ عدالت مریم نواز، رانا ثنا اللہ سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم دے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

عمران خان جھوٹ بولنے میں بہت مہارت رکھتے ہیں، قمر باجوہ

چالاک آدمی

مریم نواز کا دروازہ توڑنے کا حکم کس نے دیا، سوال

جنرل فیض نے مقدمہ درج کرنے کا کہا، نچلی سطح پر زیادہ ہوگیا

ابصار عالم پر فائرنگ کس کے حکم پر کی، اس کا مجھے علم نہیں، قمر باجوہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو چالاک آدمی قرار دے دیا۔ ایک انٹرویو میں سابق آرمی چیف نے کہا ہے کہ عمران خان جھوٹ بولنے میں بہت مہارت رکھتے ہیں اور لوگ اس پر یقین کر لیتے ہیں۔ صحافی شاہد میتلا نے سوال کیا کہ کراچی میں مریم نواز کے کمرے کا دروازہ توڑنے کا حکم کس نے دیا تھا؟ جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ بریگیڈیئر حبیب اس وقت سیکٹر کمانڈر تھے، جنرل فیض نے مقدمہ درج کرنے کا کہا، مگر نچلے لیول پر کچھ زیادہ ہوگیا، ہم نے ذمے دار افسر کو ہٹا دیا تھا۔ ابصار عالم پر فائرنگ سے متعلق جنرل باجوہ نے کیا کہا؟ ابصار عالم پر فائرنگ کس نے کروائی؟ کے سوال کے جواب میں جنرل باجوہ نے کہا کہ انہوں نے یہ کام نہیں کیا، ہوسکتا ہے کہ نچلی سطح پر کسی کو غصہ آیا ہو اور اس نے یہ کام کر دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ مطیع اللہ جان والا واقعہ ایجنسی نے بھونڈے طریقے سے کیا، مطیع اللہ جان کے واقعے پر میں نے جنرل فیض کی کلاس لی اور مطیع اللہ جان کو چھڑوایا۔ جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ اعظم سواتی اور شہباز گل کو ننگا کرنے کے الزامات سے میرا کوئی تعلق نہیں، بعض اوقات ایجنسیوں میں شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بننے کی کوشش ہوتی ہے، یہ سب نچلے لیول پر ہوتا ہے۔ سابق آرمی چیف نے کہا کہ شیخ رشید تو بالکل فارغ ہیں، زندگی میں بس دو بار ان سے ملاقات ہوئی ہے، ایک ملاقات میں شیخ رشید نے مجھے کہا کہ عمران خان سے حکومت نہیں چل رہی کچھ کریں، شیخ رشید خود کو جی ایچ کیو کے قریب کہتے ہیں، یہ بالکل جھوٹ ہے، وہ ڈینگیں مارتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شیخ رشید سے زندگی میں صرف دو بار ملاقات ہوئی ہے، شیخ رشید نے کہا تھا کہ عمران خان سے حکومت نہیں چل رہی جنرل صاحب کچھ کریں۔ جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ شیخ رشید نجومیوں کی طرح تاریخیں دیتے پھرتے ہیں، جھوٹ بولتے ہیں، جب میں گورڈن کالج گیا تو اس سے 6 سال پہلے شیخ رشید کالج سے جا چکے تھے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان معظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

قائد آباد میں عوام نے ڈاکو مار ڈالا

سولجر بازار 2 موٹر سائیکل سوار گینگ وار نے مکینوں کی زندگی اجیرن بنادی، شمشاد گولیوں سے چھلنی

شیر شاہ پولیس اہلکار شہید

ماڑی پور روڈ پر ڈکیتوں سے مقابلے میں سپاہی عرفان شہید اور ASI مختیار زخمی ہوگیا

لانڈھی داؤد چالی کے قریب عوام نے لوٹ مار کرنیوالے ڈاکو کو زخمی کردیا، دوران علاج چل بسا

کراچی (کرائم رپورٹر/ طاہر عباسی)

شیر شاہ کے مقام پر بدترین ٹریفک جام کے دوران لوٹ مار میں ملوث ملزمان اور پولیس کے درمیان دوطرفہ فائرنگ کا تبادلہ، حملہ آوروں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار عرفان شہید ہوگیا، اے ایس آئی مختار بازو پر گولی لگنے سے زخمی ہوا۔ واقعے کی اطلاع پر SSP کیماڑی فدا حسین جانوری جائے وقوعہ پہنچ گئے ملزمان ندی کے راستے فرار ہوگئے پولیس نے تلاش میں آپریشن شروع کردیا۔ عرفان کی لاش ضابطہ کارروائی کیلئے سول اسپتال لائی گئی جسے بعد ازاں ورثاء کے سپرد کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی شب شیر شاہ میں فائرنگ کے واقعے میں پولیس اہلکار جاں بحق جبکہ ایک افسر زخمی ہوگیا۔ شیر شاہ تھانے کی حدود ماڑی پور روڈ مچھر کالونی اللہ والی مسجد نزد غلامان عباس چوک کے قریب منگل کی شب ساڑھے آٹھ بجے کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 40 سالہ اے ایس آئی مختیار اور سپاہی 30 سالہ عرفان زخمی ہوگئے، جبکہ ملزمان موقع سے فائرنگ کرتے ہوئے نالے کے راستے سے فرار ہوگئے، ایس ایچ او انسپکٹر منظور حسین کے مطابق اطلاع ملی تھی کہ مذکورہ مقام پر مسلح ملزمان شہریوں سے لوٹ مار کررہے ہیں، اس اطلاع پر اے ایس آئی مختار اور سپاہی عرفان کو مذکورہ مقام پر بھیجا، جہاں ڈکیت اور اہلکاروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں اے ایس آئی مختار کو بازو پر گولی لگی جبکہ اہلکار عرفان سینے میں لگنے والی گولی سے شدید زخمی ہوا، جسے اسپتال منتقل کیا جارہا تھا کہ وہ راستے میں شہید ہوگیا، اطلاع پاکر پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، شہید اہلکار عرفان شیر شاہ تھانے میں گزشتہ پانچ، چھ ماہ سے تعینات تھا، جو ماڑی پور کا رہائشی اور ایک بچے کا باپ تھا، اس حوالے سے پولیس واقعے کی مزید چھان بین کررہی ہے۔ SSP کیماڑی فدا حسین جانوری افسوسناک واقعے کی اطلاع پر جائے وقوعہ پہنچے صورتحال کا جائزہ لیا جبکہ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے تھانیداروں کو سخت احکامات جاری کئے۔ SSP کیماڑی کا کہنا ہے کہ پولیس پر حملے اور عرفان کی شہادت میں ملوث ملزمان کو جلد کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ ملزمان کی گرفتاری کیلئے ماہرانہ انداز اختیار کیا جائے گا۔ فدا حسین جانوری دعویٰ کرتے ہیں کہ ملزمان جلد قانون کی گرفت میں ہونگے۔ ڈاکوؤں کی لوٹ مار پولیس اور شہریوں کے بھی لٹیروں پر وار، شہری کی فائرنگ سے ایک ڈاکو مارا گیا، پولیس مقابلوں میں 6 ڈاکو زخمی حالت میں پکڑے گئے۔ سولجر بازار میں ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے شہری کو گولیاں مار کر زخمی کردیا۔ پولیس مقابلے، کورنگی، سچل، لانڈھی اور کلاکوٹ میں رپورٹ ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق سچل، لانڈھی اور کلاکوٹ پولیس نے مقابلوں کے بعد 4 ڈاکوؤں کو گرفتار کرکے اسلحہ اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔ سچل پولیس نے پیر اور منگل کی درمیانی شب سپر ہائی وے اسکیم 33 سیراچوک کے قریب سے مبینہ مقابلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، ترجمان کراچی پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ملزمان کی شناخت 30 سالہ رمضان ولد جنت گل اور 25 سالہ نجیب ولد لال محمد کے نام سے کی گئی، ملزمان سے دو 30 بور پستول بمعہ ایمونیشن، موبائل فونز، نقدی اور ایک موٹر سائیکل برآمد کی گئی، ملزمان کے علاج کے بعد ان سے تفتیش کا آغاز کیا جائے گا۔ لانڈھی پولیس نے پیر اور منگل کی درمیانی شب 89 بجری اسٹاپ کے قریب سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، ترجمان کراچی پولیس کے مطابق ڈاکو کی شناخت 32 سالہ سکندر خان ولد منشا خان کے نام سے کی گئی، ملزم کا ایک ساتھی جس کا نام احمد معلوم ہوا ہے، رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا، گرفتار ملزم سے ایک ٹی ٹی پستول بمعہ ایمونیشن، موبائل فون اور نقدی اور چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ کلاکوٹ پولیس نے لیاری چیل چوک جمیلہ اسٹریٹ سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کی شناخت 30 سالہ ظہیر عباس ولد امانت علی کے نام سے کی گئی، ملزم سے ایک ٹی ٹی پستول، موبائل فون اور نقدی برآمد کی گئی۔ قائد آباد کے علاقے داؤد چالی کے قریب منگل اور بدھ کی درمیانی شب کو مسلح ڈاکو لوٹ مار میں مصروف تھے کہ شہری کی فائرنگ سے ایک ڈاکو زخمی ہوگیا، مسلح ڈاکوؤں نے اپنی زخمی ساتھی کو موقع سے موٹر سائیکل پر بیٹھا کر ساتھ لے گئے اور زخمی ڈاکوؤں کے اہلخانہ بدھ کی شب کو فائرنگ سے زخمی کو علاج معالجے کے لئے جناح اسپتال لیکر گئے تو ایم ایل او کال پر متعلقہ پولیس بھی جناح پہنچ گئی، ایسے اثناء میں فائرنگ کا زخمی ڈاکو ہلاک ہوگیا، لاش کے ہمراہ آئے ورثاء پولیس نے پولیس کو بیان دیا کہ اسماعیل زخمی حالت میں گھر آیا تھا جسے علاج کے لئے اسپتال لائے تھے، ایس ایچ او امین سولنگی نے بتایا کہ پولیس کو داؤد چالی کے ایک شخص نے رابطہ پر بتایا کہ گزشتہ شب کو چار مسلح افراد ہڈی مل کے قریب چھینا جھپٹی میں مصروف تھے جن پر میں نے اپنے ذاتی اسلحہ سے فائرنگ کی ایک ڈاکو زخمی ہوا اور ساتھی زخمی کو اپنے ساتھ لے گئے، ایس ایچ او نے بتایا کہ شہری کی فائرنگ سے زخمی ڈاکو دوران علاج ہلاک ہوا ہے، جس کی شناخت 26 سالہ اسماعیل ولد سکندر کے نام سے ہوئی ہے، تاہم پولیس نے ہلاک ڈاکو کے دیگر فرار ملزمان ساتھیوں کی تلاش شروع کردی ہے۔ کورنگی کے ضیاء کالونی میں بھی پولیس مقابلہ ہوا، شہری کی نشاندہی پر پولیس نے موٹر سائیکل سوار ملزمان کا تعاقب کیا رکنے کے اشارے پر ملزمان حملہ آور ہوئے پولیس کے جوابی وار کے نتیجے میں نعمان عرف سما اور وحید عرف وحیدہ زخمی حالت میں پکڑے گئے۔ دو مختلف اقسام کے ہتھیار برآمد کورنگی پولیس نے واقعہ رپورٹ کیا ہے۔ سولجر بازار کے علاقے لکھ پتی ہال کے قریب مسلح ملزمان کی فائرنگ سے 40 سالہ شمشاد ولد امیر زخمی ہوگیا، مضروب کو طبی امداد کے لئے سول اسپتال منتقل کیا گیا پولیس کے مطابق واقعہ ڈکیتی مزاحمت پر پیش آیا ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

نیو کراچی صنعتی ایریا

شعیب تنولی پورے علاقے سے جرائم کے اڈوں سے بھتہ وصولی کرتا ہے چوہدری طفیل نے جرائم پیشہ فرار کرادیئے

بیٹر کو کوارٹر گارڈ کر دیا

ایس ایچ او نیو کراچی صنعتی ایریا چوہدری طفیل کے بیٹر نے جرائم پیشہ عناصر کا بھی بھیانا محال کر دیا سفید رنگ کی لگژری گاڑی میں جرائم کے اڈوں سے وصولیاں کرتا ہے

کراچی (کرائم رپورٹر/محمد قاسم)

ڈسٹرکٹ سینٹرل کے طاقتور تھانیدار کے بیٹر کو اعلیٰ افسر کے حکم پر حراست میں لے لیا گیا نیو کراچی صنعتی ایریا تھانے کے بیٹر کو اعلیٰ افسر کے حکم پر کوارٹر گارڈ کر دیا گیا پولیس اہلکار شعیب تنولی ایس ایچ او نیو کراچی صنعتی ایریا چوہدری طفیل کا بیٹر ہے۔ سفید رنگ کی لگژری گاڑی میں باوردی اور سادہ لباس اہلکاروں نے مذکورہ اہلکار کو حراست میں لیا بیٹر کے گرفتار ہوتے ہی ایس ایچ او نے تمام جرائم پیشہ عناصر کو علاقے سے فرار کرادیا۔ مذکورہ اہلکار کی وصولیوں کے باعث علاقے میں منظّم طور پر جرائم جاری تھا۔ پولیس کے خفیہ تحقیقاتی ادارے کی رپورٹ پر اہلکار کے خلاف کارروائی ہوئی۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ
Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

محمود آباد لیاقت اشرف کالونی میں مسلسل موٹر سائیکل چوری ہونے کی وارداتیں 4 موٹر سائیکلیں غائب

کراچی میں لفٹر گینگ سرگرم

نکیل ڈالنے والا کوئی نہیں

مسروقہ موٹر سائیکلیں کراچی سمیت اندرون سندھ مختلف پارٹس کی شکل میں فروخت ہوتی ہیں، پولیس

کراچی (نمائندہ خصوصی/صفدر محمود آرائیں)

کراچی شہر میں موٹر سائیکلیں چوری اور چھیننے کے واقعات نہ تھم سکے، محمود آباد اور لیاقت اشرف کالونی میں بھی مسلسل وارداتیں، موٹر سائیکل لفٹنگ کی وارادات کی سی سی ٹی وی فوٹیج روزنامہ کو موصول چند روز میں ایک ہی مقام سے چار موٹر سائیکل لفٹر گروہ لے اڑا، بلوچ کالونی پولیس صورتحال کنٹرول کرنے میں ناکام، رواں سال کے ابتدائی چند ایام میں 10 ہزار 2 سے زائد شہری موٹر سائیکلوں سے محروم ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی شہر میں موٹر سائیکل کی چوری اور چھیننے کی وارداتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ محمود آباد اور لیاقت اشرف کالونی نمبر دو میں موٹر سائیکل چوری اور چھیننے کی مسلسل وارداتوں سے مکین شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ بلوچ کالونی پولیس اسٹیشن کی حدود میں چوری ہونے والی موٹر سائیکل کے مناظر روزنامہ کو موصول ہوئے فوٹیج میں دیکھا گیا کہ ایک تنہا شخص نے چند سیکنڈ میں موٹر سائیکل ان لاک کی اور لیکر فرار ہوگیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ایک ہی مقام سے چند روز میں موٹر سائیکل لفٹنگ کی چار وارداتیں رپورٹ ہوئی۔ کراچی شہر میں اس نوعیت کے جرائم پولیس کیلئے بڑے چیلنج بنے ہوئے ہیں۔ موٹر سائیکل چوری اور چھیننے کی وارداتیں تاریخ کی بلند ترین سطح کو چھوتی جارہی ہے۔ رواں برس کے ابتدائی 80 ایام میں 10 ہزار 2 سو سے زائد موٹر سائیکلیں چوری اور چھین لی گئیں جبکہ گزشتہ برس 365 روز کے دوران 56 ہزار 871 موٹر سائیکلیں چوری اور چھینی جانے کی وارداتیں رپورٹ کی گئی تھی۔ صورتحال کراچی پولیس کیلئے شدید چیلنج بنی ہوئی ہے۔ پولیس کے اعلیٰ حکام بتاتے ہیں کہ موٹر سائیکل کی چوری منشیات کی فروخت کے باعث بڑھتی جارہی ہے منشیات کے عادی افراد نشے کی خریداری کیلئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں انجام دے رہے ہیں یہ موٹر سائیکلیں پاک کالونی، شاہراہ نور جہاں، لیاری اور دیگر درجنوں مقامات پر منشیات کے منظم انداز میں چلنے والے اڈوں پر سونپنے کے بعد منشیات کے عادی افراد چرس، ہیروئن، آئس، اور دیگر مہنگے نشے با آسانی حاصل کرکے نشہ پورا کرنے میں مصروف ہیں۔ جبکہ سیکورٹی ذرائع کے مطابق شہر سے چوری ہونے والی ہزاروں موٹر سائیکلیں کراچی میں حصوں کی صورت میں جبکہ اندرون سندھ اور بلوچستان خفیہ انداز میں فروخت کی جارہی ہیں۔ شہر میں موٹر سائیکل چوری اور چھیننے کی وارداتوں کی روک تھام اور ان کی برآمدگی کیلئے اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل موجود ہے مگر بڑھتے اعداد و شمار میں نہ تو کمی رونما ہورہی ہے اور نہ ہی برآمدگی کی شرح میں اضافہ ہوتا رہا ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

خونی بھیڑیا K-2 فریادیں کرنے لگا

25 سال قبل سولجر بازار میں دلاور نامی پولیس اہلکار کو شہید کر دیا تھا

عدالت نے جرم ثابت ہونے پر عبید کے ٹو کو عمر قید کی سزا سنائی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر/محمد رضوان بیگ)

25 سال قبل سولجر بازار میں پولیس اہلکار کے قتل میں ملوث سزا یافتہ مجرم عبید کے ٹو عدالت سے فریادیں کرنے لگا درخواست ضمانت پر پراسیکیوٹر جنرل سندھ اور دیگر کو نوٹسز جاری فریقین سے 5 فروری تک جواب طلب کرلیا گیا۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے نائن زیرو سے گرفتار متحدہ کے دہشت گرد عبید کے ٹو کو عمر کی قید کی سزا سنائی تھی۔ عبید کے ٹو نے سزا کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی تھی جو ٹرائل کیلئے ATC منتقل کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ لندن کے مرکز نائن زیرو کراچی سے گرفتار سزا یافتہ دہشت گرد عبید کے ٹو جیل سے رہائی کیلئے فریادیں کرنے لگا ہے۔ 25 سال قبل 1998 میں سولجر بازار کے علاقے میں دلدار نامی پولیس اہلکار کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا تھا جس کے الزام میں متحدہ کے دہشت گرد عبید کے ٹو کو نائن زیرو سے گرفتار کیا گیا تھا انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے جرم ثابت ہونے پر عبید عرف کے ٹو کو عمر کی قید کی سزا سنا رکھی ہے جس کے خلاف مجرم نے سندھ ہائی کورٹ میں سزا کے خلاف اپیل پر درخواست دائر کی تھی مقدمہ ری فائل کیلئے سندھ ہائی کورٹ نے درخواست اے ٹی سی بھجوادی تھی۔ جسٹس محمد اقبال کلہوڑو کی سربراہی میں دورکنی بینچ نے پولیس کے قتل سے متعلق مقدمے میں عبید کے ٹو کی ضمانت سے متعلق درخواست پر سماعت کی درخواست گزار کے وکیل نے موقف دیا کہ پولیس اور پراسیکیوشن کے پاس عبید کے خلاف ٹھوس شواہد موجود نہیں لہٰذا ضمانت پر رہا کیا جائے۔ عدالت نے ملزم کی درخواست ضمانت پر پراسیکیوٹر جنرل سندھ اور دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے فریقین سے پانچ اپریل تک جواب طلب کرلیا ہے۔ عبید کے ٹو کو 11 مارچ 2015 کو رینجرز نے ایک ٹارگٹڈ آپریشن کے نتیجے میں نائن زیرو سے جدید ہتھیاروں، بلٹ پروف جیکٹ اور دیگر سامان کے ہمراہ کیا گیا تھا ملزم کے خلاف انسداد دہشت گردی عدالت میں متعدد مقدمات زیر سماعت ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

حادثات واقعات

3 خواتین سمیت 5 ہلاکتیں

شاہ لطیف میں ٹریفک حادثے میں 2 خواتین سمیت 3 افراد جاں بحق 2 زخمی ہو گئے

پاکستان بازار سے خاتون کی پھندا لگی لاش ملی، مبینہ ٹاؤن کرسچن پاڑے سے بھی لاش ملی

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں 3 خواتین سمیت 5 افراد نے پھندا لگا کر زندگی کا خاتمہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مبینہ ٹاؤن کے علاقے یونیورسٹی روڈ ایوب گوٹھ کرسچن پاڑا کے مکان سے ایک خاتون کی پھندا لگی لاش ملنے کی اطلاع پر پولیس اور ریسکیو عملہ موقع پر پہنچ گئے، پولیس نے لاش کو اپنی تحویل پوسٹ مارٹم کے لئے جناح اسپتال منتقل کیا گیا، پولیس کے مطابق آنجہانی کی شناخت 22 سالہ سویرا مسیح زوجہ مان ویر مسیح کے نام سے ہوئی، پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر واقعہ خودکشی معلوم ہوتا ہے، تاہم اصل وجہ موت میڈیکل لیگل رپورٹ آنے پر واضح ہوگی، پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد لاش کو ورثاء کے حوالے کر دیا۔ پاکستان بازار کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر 16 گلشن بہار الجنت شادی ہال کے قریب مکان سے ایک خاتون کی پھندا لگی لاش عباسی اسپتال منتقل کی گئی، پولیس کے مطابق متوفیہ کی شناخت 25 سالہ صوفیہ زوجہ شہاب الدین کے نام سے ہوئی، پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر معلوم ہوا ہے کہ متوفی اور شوہر کے درمیان گھریلو ناچاقی چل رہی تھی، متوفیہ دلبرداشتہ ہو کر مذکورہ اقدام اٹھایا ہے، تاہم پولیس نے واقعہ کی مزید جانچ پڑتال شروع کر دی ہے۔ گلستان جوہر کے علاقے پرفیوم چوک کے قریب رہائشی عمارت سے ایک خاتون کی پھندا لگی لاش کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پر متوفیہ کی شناخت 35 سالہ سونیہ زوجہ مرتضی کے نام سے ہوئی، پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر خودکشی کی وجہ سامنے نہیں آ سکے پولیس نے تفتیش شروع کر دی ہے۔ اقبال مارکیٹ کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ رئیس امروہی مزار کے قریب گھر سے ایک شخص کی پھندا لگی لاش قانونی کارروائی کے لئے عباسی اسپتال منتقل کیا، جہاں پر متوفی کی شناخت 28 سالہ فہد شفیع ولد محمد شفیع کے نام سے ہوئی، پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر معلوم ہوا ہے کہ متوفی بیروزگار اور معاشی تنگ دستی کے باعث دلبرداشتہ ہو کر خودکشی کی ہے، پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش کو ورثاء کے حوالے کر دیا۔ قائد آباد کے علاقے مسلم آباد کالونی انصاری مسجد کے قریب زہریلی چیز کھانے سے ایک نوجوان کو نیم بیہوشی کی حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پر ڈاکٹروں نے معائنے کے بعد موت کی تصدیق کر دی، اسپتال میں متوفی کی شناخت 26 سالہ نیاز علی ولد غفران علی کے نام سے ہوئی، پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر واقعہ خودکشی معلوم ہوتا ہے، پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد لاش کو اہلخانہ کے حوالے کر دیا اور پولیس نے واقعے کی جانچ پڑتال شروع کر دی ہے۔ شاہ لطیف ٹاؤن کے علاقے جوگی موڑ نیشنل ہائی وے پر نامعلوم گاڑی کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار میاں بیوی زخمی ہو گئے، جنہیں طبی امداد کے لئے ایمبولنس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پر دوران علاج خاتون دم توڑ گئیں، متوفیہ کی شناخت 34 سالہ عالمہ زوجہ عبدالرزاق اور زخمی 36 سالہ عبدالرزاق ولد اللہ ڈینو کے نام سے ہوئی، پولیس نے بتایا کہ متوفیہ اس ہی علاقے کی رہائشی تھیں۔ ناظم آباد انڈر ربائی پاس سے لیاقت آباد جاتے ہوئے تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار میاں بیوی زخمی ہو گئے، جنہیں طبی امداد کے لئے عباسی اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ راستے میں خاتون دم توڑ گئیں، اسپتال میں متوفیہ کی شناخت 46 سالہ رقیہ زوجہ محمود اور زخمی 52 سالہ محمود ولد عبدالرحمٰن کے نام سے ہوئی، پولیس کے مطابق متوفی نارتھ ناظم آباد کی رہائشی تھیں۔ بن قاسم کے علاقے پورٹ قاسم ہسکو پیٹرول پمپ کے قریب ٹرالر نے موٹر سائیکل سوار 60 سالہ اسلم ولد شبیر کو کچل دیا، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو عملہ موقع پر پہنچ گئے، پولیس نے لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لئے جناح اسپتال منتقل کیا، پولیس کے مطابق متوفی عبداللہ گوٹھ کا رہائشی تھا، تاہم پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش ورثاء کو ورثاء کے حوالے کر دیا۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

خیابان سحر میں چائنیز کا ڈرائیور ذبح 3 گرفتار

45 سالہ انتظار حسین کو بدترین تشدد کے بعد گلا کاٹ دیا گیا

مقتول 3 سال سے چائنیز کمپنی کے ساتھ منسلک تھا، پولیس نے 3 افراد کو حراست میں لے لیا

کراچی (کرائم رپورٹر/ بابر رند)

خیابان سحر میں تشدد کے بعد شہری کو ذبح کرنے کا معاملہ، پولیس نے تحقیقات شروع کرتے ہوئے بنگلے میں موجود دیگر تین افراد کو حراست میں لے لیا بنگلہ غیر ملکی چائنیز باشندوں کے زیر استعمال تھا مقتول بنگلے میں بطور ڈرائیور نوکری کرتا تھا۔ تفصیلات کے مطابق منگل کے روز ڈیفنس کے خیابان سحر میں بنگلے سے لاش کی برآمدگی کا واقعہ رپورٹ ہوا تو پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پہنچی جائے وقوعہ سے تشدد زدہ ذبح کی گئی ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ مقتول سے متعلق **SSP** ساؤتھ اسد رضا نے بتایا کہ **45** سالہ انتظار حسین کو پہلے تشدد اور بعد میں گلا کاٹ کر ذبح کیا گیا بنگلے میں چائنیز باشندے بھی رہائش پذیر ہے غیر ملکیوں سے متعلق اطلاع پر معاملے کی انتہائی باریک بینی سے تحقیقات کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈرائیور کو چوکیدار اور باورچی نے مبینہ طور پر دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر قتل کیا مقتول ڈرائیور گزشتہ تین برس سے چائنیز کمپنی کے ساتھ منسلک تھا جو کہ بطور ڈرائیور خدمات انجام دے رہا تھا۔ مقتول کا آبائی تعلق سندھ کے ضلع میر پور خاص سے ہے پولیس کا بتانا ہے کہ چوکیدار اور اس کا بھائی بنگلے میں نشے کا استعمال کرتے تھے ڈرائیور نشے کے استعمال سے منع کرتا تھا۔ جس کے باعث اکثر جھگڑا رہا کرتا تھا مقتول کو چھریوں کے وار سے قتل کیا گیا بنگلے کے چوکیدار سمیت تین افراد کو جائے وقوعہ سے حراست میں لیا ہے قتل کے وقت بنگلے میں دو چائنیز رہائش پذیر تھے **SSP** ساؤتھ نے بتایا کہ چائنیز باشندے **28** فروری سے بنگلے میں رہائش پذیر ہے جس سے متعلق پولیس کو کوئی اطلاع نہیں تھی کرائم سین یونٹ کی مدد سے تحقیقات شروع کر دی ہے جبکہ قتل کیس کے ساتھ ساتھ غیر رجسٹرڈ شدہ چائنیز باشندے کراچی کب آئے کہاں سے آئے اور کراچی میں کس مقام پر سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں پولیس نے تحقیقات شروع کی ہے ابتدائی طور پر اطلاع موصول ہوئی ہے کہ چائنیز باشندے ٹھٹھہ سے کراچی آئے تھے۔ قتل سے متعلق اسد رضا کا بتانا ہے کہ ڈرائیور کو چوکیدار کے کمرے میں قتل کیا گیا جہاں ایک سے زائد ملزمان شامل تھے۔ پولیس وقوعے سے متعلق مزید تفتیش کر رہی ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی (نمائندہ خصوصی/صفدر محمود آرائیں)

کورنگی کے جے ایریا میں پولیس کا خفیہ اطلاع پر ٹارگٹڈ آپریشن، گٹکے کی تیاری اور سپلائی کے بڑے مرکز سے حمزہ نامی مرکزی کردار پکڑا گیا، دو ملزمان فرار ہوگئے، پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کا مضر صحت گٹکا، چھالیہ، غیر ملکی تمباکو اور مضر صحت کیمیکل برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی کے علاقے جے ایریا میں عوامی کالونی پولیس نے خفیہ اطلاع پر بڑا ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے کورنگی کے کئی علاقوں میں گٹکے کی سپلائی کے مرکز پر چھاپہ مارا جہاں سے حمزہ نامی مرکزی ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ SHO عوامی کالونی مشتاق بلوچ کے مطابق پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کی جہاں گٹکا اور ماوا تیار کیا جارہا تھا پولیس نے آپریشن کے نتیجے میں 6 من سے زائد مضر صحت لاکھوں روپے مالیت کا تیار گٹکا اور ماوا اور اضافی چھالیہ، خطرناک مضر صحت کیمیکل، ملکی اور غیر ملکی تمباکو اور دیگر سامان برآمد کیا۔ مشتاق بلوچ نے بتایا کہ ایک ملزم حمزہ کو گٹکے کی فیکٹری سے گرفتار کیا گیا ہے جبکہ خفیہ راستے سے دو ملزمان فرار ہوئے ہیں جن کی تلاش میں پولیس کے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں ان کا بتانا تھا کہ جے ایریا کے مقام سے انتہائی خفیہ انداز میں حمزہ اور اس کے ساتھیوں نے فیکٹری سے مضر صحت مال کی تیاری کے بعد سپلائی کا مرکز بنا رکھا تھا جہاں روزانہ لاکھوں روپے مالیت کا گٹکا تیاری کے بعد کورنگی کے کئی علاقوں میں موٹر سائیکل اسکواڈ کی مدد سے سپلائی کیا جاتا تھا۔ تھانیدار کے مطابق 6 من گٹکا تیار کیا گیا تھا جو کہ پولیس نے تحویل میں لیا ہے جس کی ایک محتاط اندازے میں قیمت ایک ملین سے زائد ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ حمزہ کے مطابق روزانہ دو شفٹوں میں فیکٹری میں مال تیار کیا جاتا تھا جہاں سے روزانہ 20 لاکھ روپے گٹکے کی تیاری کے بعد اسے موٹر سائیکل سوار ملازمین کے ذریعے کئی علاقوں میں سپلائی کیا جاتا تھا۔ حمزہ نے پولیس کو دیگر بھی کئی سرپرستوں اور کرداروں سے متعلق انکشافات کئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ حمزہ نامی گرفتار ملزم کی فیکٹری سابقہ SHO عوامی کالونی سب انسپکٹر فراصت شاہ کی مبینہ سرپرستی میں چلائی جاتی تھی جن کا تبادلہ مذکورہ پولیس اسٹیشن سے ملیر کے بن قاسم میں کردیا گیا ہے۔ مشتاق بلوچ نے عہدے کا چارج سنبھالتے ہی مذکورہ گرفتار ملزم اور سرپرستوں سے متعلق گرفتاری کیلئے حکمت عملی بنا رکھی تھی۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی (نمائندہ خصوصی/صفدر محمود آرائیں)

مہران ہائی وے لانڈھی کے قریب رینجرز اور لٹیروں کے درمیان دوطرفہ فائرنگ کا تبادلہ، رینجرز کے ماہر نشانہ بازوں نے حملے کا جواب دیتے ہوئے دو ملزمان کو تعاقب کے بعد گرفتار کرلیا۔ ملزمان اسٹریٹ کرائمز کی وارداتوں میں ملوث ہے۔ ترجمان رینجرز کے مطابق لانڈھی مہران ہائی وے کے مقام پر رینجرز اور مسلح موٹر سائیکل سوار ملزمان کے درمیان دوطرفہ فائرنگ کا تبادلہ ہوا ترجمان کے مطابق مہران ہائی وے کے قریب اسنیپ چیکنگ کے دوران اسکواڈ نے ایک موٹر سائیکل سوار دو مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا موٹر سائیکل سوار ملزمان شدید انداز میں رینجرز اہلکاروں پر حملہ آور ہوتے ہوئے فرار ہوئے رینجرز کی نفری نے حملہ آوروں کا تعاقب جاری رکھا رینجرز نے ماہرانہ انداز اپناتے ہوئے دونوں مسلح ملزمان کو گرفتار کیا۔ ترجمان کے مطابق ساجد حسین اور سلیم کے قبضے سے موبائل فون اور موٹر سائیکل بھی برآمد کرلی گئی۔ ابتدائی انٹروگیشن کے مطابق ملزمان ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائمز کی وارداتوں میں ملوث ہیں جن کے گروہ سے متعلق تفتیش مکمل کرلی گئی ہے۔ ترجمان کا بتانا ہے کہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی تلاش میں چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔ گرفتار ملزمان کو تفتیش کے بعد پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی (کرائم رپورٹر/عبدالحسیب قریشی)

غیروں پر کرم اپنوں پر ستم کراچی پولیس کا وتیرا بن گیا افسران اہلکاروں سے کارکردگی تو چاہتے ہیں مگر دادرسی نہیں کرتے صدر تھانے کا زخمی اہلکار محکمہ کے خلاف پھٹ پڑا صدر تھانے میں تعینات اہلکار امیر حسین پانچ ماہ قبل روڈ ایکسیڈنٹ میں زخمی ہوا پانچ ماہ گزر گئے حادثے کا مقدمہ تاحال درج نا کیا جا سکا، پولیس اہلکار امیر حسین نے کہا کہ آئے روز تھانے کے چکر لگاتا ہوں لیکن ایس ایچ او آج کل کر کے بات گھما دیتا ہے، اپنی مدد آپ علاج کرانے پر مجبور ہوں اعلیٰ افسران بھی اہلکاروں کی طرف نہج دیکھ رہے، ایکسیڈنٹ کے بعد پانچ کے دوران ٹانگ کے دو آپریشن ہوئے لیکن کراچی پولیس میں سے کسی نے خبر نا لی، جس روز ایکسیڈنٹ ہوا اسی روز گاڑی اور ڈرائیور کو پولیس نے حراست میں لیا لیکن اسے چھوڑ دیا گیا، میری اپنی پولیس میرا ساتھ نہیں دے رہی اعلیٰ افسران میری مدد کریں۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

پیٹرول چوری کے مقدمات

مافیا پیٹرول سپلائی کرنیوالی مین لائنوں میں کلپ لگا کر چوری کرتے ہیں

اب تک کراچی کے مختلف تھانہ جات میں اب تک 5 مقدمات درج کر چکے ہیں

کراچی (کرائم رپورٹر/ایاز قریشی)

ملک میں پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مافیا نے پیٹرول سپلائی کرنے والی مین لائن میں متعدد مقامات پر کلپ لگا کر چوری شروع کر دی ہے۔اب تک کراچی کے مختلف تھانوں میں پیٹرول سپلائی کرنیوالی کمپنیوں کی مدعیت میں پیٹرول چوری کے 5 مقدمات درج ہو چکے ہیں۔کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے اندرون ملک پیٹرول سپلائی کرنے والی 2 مین لائنوں میں کلپ لگا کر پیٹرول چوری کیا جارہا ہے، اس غیر قانونی کاروبار سے منسلک افراد مین سپلائی لائن میں ڈرل کر کے سوراخ کرتے ہیں اور کلپ لگا کر بند کر دیتے ہیں۔کراچی سے دو لائنوں، کراچی محمود کوٹ (کے ایم کے) پائپ لائن اور کورنگی پورٹ قاسم لنک (کے پی کیو ایل) پائپ لائن، کے ذریعے پورے ملک کو پیٹرول کی ترسیل کی جاتی ہے۔کے ایم کے کیماڑی میں واقع کراچی پورٹ سے شروع ہوتی ہے جس کی کل لمبائی 870 کلومیٹر ہے اور اس سے سالانہ 6 ملین ٹن پیٹرول ملک بھر میں سپلائی کیا جاتا ہے جس کو پاک عرب پائپ لائن کمپنی (پی اے آر سی او) لمیٹڈ چلا رہی ہے۔دوسری طرف کے پی کیو ایل، بن قاسم میں واقع پورٹ قاسم سے شروع ہو رہی ہے جس کی کل لمبائی 786 کلومیٹر ہے اور اس سے سالانہ آٹھ ملین ٹن پیٹرول سپلائی کیا جاتا ہے۔ کے پی کیو ایل کو بھی پاک ارب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پی اے پی سی او) چلا رہی ہے۔مین سپلائی لائن سے پیٹرول چوری کا پہلا مقدمہ نمبر 448/22 مورخہ 24 نومبر 2022 کو تھانہ بن قاسم میں پی اے پی سی او کی انتظامیہ کی مدعیت میں درج ہوا۔ایف آئی آر کے متن کے مطابق نامعلوم ملزمان پورٹ قاسم انڈسٹریل ایریا میں واقع سیوریج نالے کے قریب کلپ لگا کر پیٹرول کیا جاتا رہا ہے۔اسی سلسلے میں ایک اور مقدمہ نمبر 34/2023 مورخہ 29 جنوری کو تھانہ شرافی گوٹھ میں پی اے آر سی او کی انتظامیہ کی مدعیت میں درج ہوا۔ایف آئی آر کے متن کے مطابق لانڈھی میں واقع مانسہرہ کالونی میں ایک گھر، جس کے نیچے سے پائپ لائن گزر رہی ہے، میں کھدائی کر کے مین سپلائی لائن میں کلپ لگا کر پیٹرول چوری کیا جارہا تھا۔اسی سلسلے میں تھانہ شاہ لطیف ٹاؤن میں 2 اور تھانہ درخشاں میں ایک مقدمہ درج ہوا ہے۔گزشتہ روز شاہ لطیف پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پیٹرول چوری میں ملوث 5 افراد کو گرفتار کرلیا تاہم ملزمان کے 3 ساتھی بھاگنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مین سپلائی لائن سے پیٹرول کیسے چوری ہو رہا ہے؟، شاہ لطیف ٹاؤن کے ایس ایچ او مظہر اقبال، جنہوں نے اس غیر قانونی کاروبار سے منسلک 5 افراد کو گرفتار کیا ہے، نے بتایا کہ پیٹرول سپلائی لائنز کو زیادہ تر سیوریج لائنوں سے نکالا گیا ہے، جہاں ملزمان آسانی سے کلپ لگا کر پیٹرول چوری کر لیتے ہیں۔مظہر اقبال کے مطابق، کچھ کلپ رہائشی علاقوں میں بھی لگائے گئے ہیں۔ایس ایچ او کے مطابق، تھانہ شاہ لطیف ٹاؤن میں 11 مارچ کو پیٹرول چوری کا مقدمہ درج ہوا تھا، جس میں مدعی مقدمہ نے الزام عائد کیا کہ نامعلوم ملزمان نے 14 فٹ کھدائی کر کے پائپ لائن میں سوراخ کرنے کے بعد کلپ لگایا تھا۔ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ڈی آئی جی پی) ساؤتھ زون عرفان بلوچ نے بتایا کہ اب تک تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ان واقعات میں کمپنی ملازمین ہی ملوث ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ عام انسان کو یہ معلوم کرنا مشکل ہے کہ پیٹرول سپلائی لائن کہاں سے گزر رہی ہے۔عرفان بلوچ نے بتایا کہ سی ویو کے پاس سیوریج لائن میں سوراخ کر کے کلپ لگایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ درخشاں پولیس کے ایس ایچ او کو بھی معلوم نہیں تھا کہ پی اے آر سی او کی مین لائن یہاں سے گزر رہی ہے۔ڈی آئی جی پی کے مطابق پیٹرول کوئی بڑی مقدار میں چوری نہیں ہو رہا۔انہوں نے بتایا کہ ملزمان نے ڈرل کرنے کے بعد ایک انچ کا کلپ لگایا اور سی ویو والی جائے وقوعہ سے کچھ ڈرم ملے ہیں جس میں پیٹرول بھرا گیا تھا تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ چوری بڑے پیمانے پر نہیں ہو رہی۔دوسری طرف تھانہ شاہ لطیف ٹاؤن کے ایس ایچ او مظہر اقبال نے بتایا کہ اس غیر قانونی کاروبار میں کمپنی ملازمین ہی ملوث ہیں۔انہوں نے دلیل دیتے ہوئے بتایا کہ عام انسان کو یہ معلوم نہیں کہ کس وقت پیٹرول کی سپلائی میں تعطل ہے کیونکہ یہ بہت ہی مشکل ہے کہ دوران سپلائی پائپ لائن میں ڈرل کر کے سوراخ کیا جاسکے۔پولیس افسران کے مطابق دوران سپلائی ڈرلنگ سے آگ لگنے اور پائپ لائن پھٹنے کا خدشہ ہے، اسی لئے سوراخ کر کے کلپ اسی وقت لگائے جاتے ہیں جب پیٹرول کی سپلائی معطل ہو۔کراچی میں پیٹرول سپلائی لائنوں سے پیٹرول کی چوری ایک سنجیدہ شکل اختیار کر گیا ہے اور یہ ہی وجہ ہے کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت ہونیوالے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اسے ایجنڈے میں شامل کیا گیا اور اس معاملے پر سندھ ہوم سیکریٹری کو رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ABC CERTIFIED
کراچی کی آواز
Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 NEWS
کراچی
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل لائرز فورم (آئی ایل ایف) کے وفد چیئرمین ناصر احمد ایڈووکیٹ کی سربراہی میں 175 سالہ قدیمی ہیر جی بھائی جے بہرانہ پارسی فائر ٹیمپل آمد، نوروز کے تہوار پر پارسی کمیونٹی کو مبارکباد پیش کی۔ آئی ایل ایف کے وفد میں کارڈ نیل، جوزف کوٹس، مہاراج وجے کمار گوسوامی، سردار موہن سنگھ، سسٹر مریم، سسٹر فضیلت، مذہبی اسکالر مولانا عبدالخالق و دیگر شامل تھے۔ وفد کی آمد پر پارسی ٹیمپل کے چیئرمین شاہ ویر، موبڈ شاہ رخ اور مینجنگ ٹرسٹی زریر ڈاکٹر نے اراکین کا پرتپاک استقبال کیا۔ چیئرمین آئی ایل ایف ناصر احمد ایڈوکیٹ نے نوروز کے تہوار پر پارسی کمیونٹی کو مبارکباد پیش کی اور پھولوں کے گلدستے اور مٹھائی پیش کی اور کہا کہ ہیر جی بھائی جے بہرانہ پارسی فائر ٹیمپل کراچی کا تاریخی ورثا ہے۔ دورے کا مقصد مذہبی ہم آہنگی کا فروغ ہے۔ چیئرمین شاہ ویر نے آئی ایل ایف کے وفد کا شکریہ ادا کیا اور آئی ایل ایف کی بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے خدمات کو سراہا جبکہ مینجنگ ٹرسٹی زریر ڈاکٹر نے نوروز کے تہوار کی اہمیت اجاگر کی۔ آئی ایل ایف وفد میں تحسین منظور راجپوت ایڈوکیٹ، اسماعیلی رہنما جمشید علی خواجہ ایڈوکیٹ، روپ مالا ایڈوکیٹ، بانو ایڈوکیٹ، سعدیہ مقبول ایڈوکیٹ، بیرسٹر سید جعفر عباس جعفری ایڈووکیٹ، سوشل ورکر نازیہ عدالت، اختر حسین شامل تھے۔

جشن نوروز کے موقع پر انٹرنیشنل لائرز فورم کے چیئرمین ناصر احمد کی قیادت میں وفد کا 175 سالہ قدیمی ہیر جی بھائی جے بہرانہ پارسی فائر ٹیمپ کے دورے کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
روزنامہ Daily KARACHI 21
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

صوفی قیوم کا قتل سازش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ علامہ صوفی عبدالقیوم کا قتل امن کے بلند بانگ دعوئے کرنیوالوں کیلئے سوالیہ نشان ہے،صوفی عبدالقیوم کا قتل شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش ہے ،حکومت اور پولیس انتظامیہ فوری طور پر قاتلوں کو گرفتار کر کے منطقی انجام تک پہنچائے ،مجاہد اہلسنت استاد العلماء علامہ صوفی عبدالقیوم کو گلستان جوہر میں مسجد کے سامنے کھلے عام شہید کر دیا گیا ،علامہ صوفی عبدالقیوم کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہیں حکومت اور پولیس قانون کی بالادستی کو قائم کریں ،علامہ صوفی عبدالقیوم اہلسنت کے ممتاز عالم دین جامع مسجد محمدیہ نورانیہ خطیب و مہتمم اور اسلامک مشن یونیورسٹی گلشن اقبال کے پرنسپل تھے،صوفی عبدالقیوم دین اسلام کی تعلیمات کے فروغ کیلئے دن رات جہد مسلسل میں مصروف عمل تھے،حکومت اور پولیس انتظامیہ قتل کرنیوالوں کے گرد قانون کا شکنجہ مضبوط کرے ،سی سی فوٹیج میں دہشتگردوں کے چہرے صاف نظر آرہے ہیں ،ان خیالات کا اظہار انہوں نے علامہ صوفی عبدالقیوم کے کھلے عام دن دھاڑے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا ،ثروت اعجاز قادری کا کہنا تھا کہ فرقہ واریت کو فروغ اور مساجدوں پر قبضے کرنیوالے مافیاز کو کسی طور بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ،گلستان جوہر میں عائشہ مسجد میں غنڈہ گردی کرنیوالوں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جاتی تو اتنا بڑا سانحہ رونما نہیں ہوتا ،ثروت اعجاز قادری نے گورنر سندھ، وزیر اعلیٰ سندھ،صوبائی وزیر داخلہ،آئی جی سندھ،ایڈیشنل آئی جی سے مطالبہ کیا ہے کہ صوفی عبدالقیوم کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے سزا دیجائے اور اس واقعے کے پیچھے چھپے چہروں کو عوام کے سامنے بے نقاب کیا جائے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

DMC کیماڑی کرپشن کا بازار گرم محکمہ تباہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر/محمد رضوان بیگ)

ڈسٹرکٹ کیماڑی میں کرپشن کا بازار سرگرم **DMC** کیماڑی کے ایڈمنسٹریٹر پیر شوکت شاہ اور اکاؤنٹ آفس کے جاوید کمر ڈسٹرکٹ کیماڑی کو دیمک کی طرح چاٹ رہے ہیں موروميير بار سائٹ ٹاؤن **uc3** گولیمار وارڈ **2** کے صدر اکرم ہنگورو کا کہنا ہے کہ ڈی ایم سی کیاماڑی کو تباہ کرنے میں ایڈمنسٹریٹر کیماڑی اور اکاؤنٹ جاوید کمر کا ہاتھ جو کہ لگاتار یوسی پرانا گولیمار کو نظر انداز کرتے ہوئے ان کے کام دوسرے علاقوں میں اپنے من پسند لوگوں کو کروا کے دے رہے ہیں اس پر اکرم ہنگورو کا کہنا تھا کہ **MNA** عبدالقادر پٹیل اور ایم پی اے لیاقت علی آسکانی اس پر نوٹس لیں نہیں تو عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے ایسا نہ ہو کہ عدم توجہ کے باعث یوسی پرانا گولیمار جو کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا گڑھ ہے وہاں کے عوام اپنے لوگوں کے خلاف احتجاج کرے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 NEWS
کراچی
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر ڈپٹی کنوینر سید مصطفیٰ کمال نے ایڈمنسٹریٹر بلدیہ کورنگی شریف خان کے ہمراہ بلدیہ کورنگی میں جاری صفائی مہم کے ساتویں روز اللہ والا ٹاؤن UC36 کا تفصیلی دورہ کیا اور صفائی مہم کے لیے کئے جانے والے اقدامات کو سراہا، اس موقع پر سید مصطفیٰ کمال نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے آئین میں ہمیں تحفظ دیا جائے کیونکہ اب وزیراعظم کو اعتماد کا ووٹ دینے کے لئے وزارت نہیں مانگیں گے، وزیراعظم سے آئینی تحفظ مانگیں گے اور منتخب بلدیاتی حکومت کے بغیر عام انتخابات نہیں ہونے چاہیے، 2018 کا تجربہ ناکام ہوگیا ہم اپنی کھوئی ہوئی سیٹیں واپس لیں گے کراچی میں دوبارہ بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہمیں بہت مایوس کیا، صوبائی حکومت کا ٹین ون کا لیٹر مسترد کرنے کے بعد الیکشن کمیشن کے پاس انتخابات کرانے کا اختیار نہیں تھا، بلدیاتی انتخابات کو چیلنج کریں گے، 53 نئی یونین کمیٹیوں کے قیام کے بعد بلدیاتی انتخابات کی قانونی حیثیت پر سوالات اٹھے ہیں اور ایم کیو ایم نے بلدیاتی انتخابات نہ لڑ کر کراچی کو جتوا دیا ہے، انہوں نے کہا کہ باغ جناح کے جلسے میں ایم کیو ایم نے اپنا لائحہ عمل بتا دیا ہے اگر صوبائی حکومت نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہیں کیا اپنے فیصلے پر عمل درآمد کے لئے سپریم کورٹ کو نگرانی کرنا پڑے گی، آرٹیکل 140 اے کی تشریح سے مسئلہ حل نہیں ہوا ہے، نسلہ ٹاور کی طرح سپریم کورٹ عمل درآمد کمیٹی بنانا چاہیے تھا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ میں دیہی اور شہری کی تفریق کر رہی ہے پیپلز پارٹی کوٹہ سسٹم پر بھی کوٹہ نہیں دیتی ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت نے پندرہ سالوں میں ایک قطرہ پانی نہیں دیا بلکہ الٹا کراچی میں ہمارا پانی چوری کر کے ہمیں بیچا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ کورنگی ڈی ایم سی کے تحت ایک ہفتے سے صفائی مہم جاری ہیا ور مساجد کے قریب کے علاقوں میں خصوصی توجہ دی گئی ہے، صفائی مہم ایک اچھا قدم ہے لیکن یہ مسئلے کا حل نہیں اور حالات جب تک درست نہیں ہونگے جب تک نچلی سطح پر اختیارات منتقل نہیں ہونگے۔ انہوں نے ایڈمنسٹریٹر بلدیہ کورنگی شریف خان سمیت دیگر افسران اور صفائی مہم میں حصہ لینے والے ملازمین کی کارکردگی کو سراہا۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی
NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے صحافی صدیق جان کی گرفتاری کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا ہے۔اس سلسلے میں سی پی این ای کے صدر کاظم خان اور سیکریٹری جنرل عامر محمود نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایک صحافی کو دفتر کے باہر سے سادہ لباس میں ملبوس اہلکار نامعلوم مقام پر لے جاتے ہیں اور ریاست بے خبر رہتی ہے۔صحافیوں کو ہراساں کرنا ہر حکومت کی روایت بن گئی ہے۔ صحافیوں کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات قائم کئے جارئے ہیں اقتدار آنی جانی چیز ہے، ملک میں آئے دن اس قسم کے واقعات ہورہے جس سے عالمی سطح پر پاکستان میں جمہوریت کے بلند و بانگ دعوے کھوکھلے ثابت ہورہے ہیں، سچ لکھنے اور بولنے پر صحافیوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں خود کو جمہوری حکومت کہنے والوں کے لئے سوالیہ نشان ہے۔حق اور سچ کا پرچار صحافی کا آئینی حق ہے اور اس کا تحفظ کرنا سی پی این ای کا نصب العین ہے۔ صحافیوں اور آزادی اظہار رائے پر قدغن سی پی این ای کی ریڈ لائن ہے۔ارباب اختیار ہوش کے ناخن لیں اور ملک کو پولیس اسٹیٹ بنانے سے گریز کریں۔بصورت دیگر سی پی این ای ہر فورم پر سراپا احتجاج نظر آئے گی۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صدیق جان کی گرفتاری کا نوٹس لے اور ان کی فوری رہائی کو یقینی بنائے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | بدھ 29 شعبان المعظم 1444ھ 22 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 323

کراچی پریس کلب کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ کراچی پریس کلب جمہوری اقدار کا علمبردار ادارہ ہے ،اس کے اراکین نے جمہوریت کے تحفظ اور بقا کے لئے نمایاں قربانیاں دی ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی پریس کلب کے دورہ کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔گورنر سندھ نے **2023** کے لئے منتخب عہدیداروں اور دیگر سینئر صحافیوں سے ملاقات بھی کی۔اس موقع پر گورنر سندھ کو کراچی پریس کلب کی اعزازی ممبر شپ بھی دی گئی۔گورنر سندھ نے اس اعزاز پر عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا۔گورنر سندھ نے مزید کہا کہ معاشرہ کی بہتری کے لئے صحافت کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی پریس کلب آمد آنے پر مسرت ہے۔انہوں نے پریس کلب کے عہدیداروں کو یقین دلایا کہ پریس کلب کے اراکین کے مسائل کے حل کے لئے متعلقہ اداروں سے بات کروں گا۔

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری پریس کلب کے دورے موقع پر سعید سربازی،شعیب خان و دیگر اعزازی ممبر شپ دے رہے ہیں